BE SAFE CHICAGO



# محفوظ رہیں۔
# ریٹیل

# محفوظ رہیں- ریٹیل


اس گائیڈ میں کیا ہے؟

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں (مرحلہ IV)

## احتیاط سے دوبارہ کھولنے پر شکاگو درج ذیل کا طالب ہے:

## صحت مندانہ میل جول

### سماجی دوری



دوسرے افراد سے سماجی دوری پر تحدیدات

### مجمع کا سائز



افراد کے مجمع پر تحدیدات

### حفاظتی پوشش



افراد کے ذریعے حفاظتی پوشش کا استعمال

### حفظان صحت کے تقاضے



حفظان صحت سے متعلق میل جول کو یقینی بنانا (جیسے، ہاتھ دھونا)

## محفوظ جگہیں اور حالات

### داخلہ تک رسائی



جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/نکاسی کی حالت

### صفائی کے معیارات



جگہ کی جراثیم ربائی کے لیے اختیار کردہ اقدامات

### مرئی رہنمائی



جگہ میں پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی

### جآئے کار کے حالات



پیدل ٹریفک، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

## عمل آوری سے متعلق سکڑاؤ اور نگرانی

### لچک پذیر ماڈلز



بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ کام (ممکن ہونے پر)

### عمل آوری سے متعلق سکڑاؤ



عمل آوری سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون (جیسے، متعدد شفٹس)

### سفر سے متعلق رہنما خطوط



مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

### جانچ کرنا / ٹریک کرنا




جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسانی

BE SAFE CHICAGO

- تجویز کردہ رہنمائی -

# محفوظ رہیں- ریٹیل
## عکاسی کرنے والی مثال

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں (مرحلہ IV)




## کیا چیز مختلف ہو سکتی ہے؟

1. گاہکوں کو اسٹور میں رہتے ہوئے **جسمانی دوری** برقرار رکھنی ہے
2. ملازمین اور خریداروں کے بیچ علیحدگی برقرار رکھنے کے لیے **ناقابل نفوذ رکاوٹیں** استعمال کی جا سکتی ہیں
3. ملازمین کثرت سے اسٹور کی **جراثیم ربائی** کریں
4. **سینیٹائزیشن والے پروڈکٹس** استعمال کے لیے آمادگی کی حد تک دستیاب رہیں
5. گاہکوں کو **بلا رابطہ ادائیگی** کا استعمال کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے
6. گاہکوں اور ملازموں سے ہمہ وقت **فیس کورنگز** پہننے کا تقاضا کیا جاتا ہے
7. پورے اسٹور میں گاہکوں کے لیے سماجی دوری برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے **6 فٹ کا اشاریہ** رکھا جائے

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں- ریٹیل

## صحت مندانہ میل جول




### افراد اور گھٹن والے بند مقامات کے بیچ 6> یقینی بنائیں

- کسی بھی ایسے حصے میں جہاں مہمان یا ملازمین قطار میں یا مجمع میں ہوں وہاں مناسب سماجی دوری یقینی بنانے کے لیے 6 فٹ والے مارکرز (جیسے، فلور مارکنگز) فراہم کریں (جیسے چیک آؤٹ، ڈیلی/بیکری، کسٹمر سروس، فٹنگ رومز کے قریب)
- اگر قابل عمل ہو تو، جہاں 6 فٹ کی سماجی دوری ممکن نہ ہو (جیسے چیک آؤٹ کاؤنٹرز) وہاں ناقابل نفوذ رکاوٹیں فراہم کریں




### سماجی دوری یقینی بنانے کے لیے مجمع محدود کریں؛ گنجائش کی بندشوں تک جگہیں محدود رہیں

- گنجائش کو غیر لازمی ریٹیل کے لیے 40% تک، لازمی ریٹیل کے لیے 50% تک، تمام اندرونی جگہوں (بشمول عملہ) کے لیے محدود کریں
- 6 فٹ کی سماجی دوری کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ، گھٹن والے مقامات (جیسے وقفہ کے کمروں، چیک آؤٹ کے مقامات) پر ملازمین اور کسٹمرز کے اجتماعات کو زیادہ سے زیادہ 50 افراد تک محدود رکھیں

# محفوظ رہیں۔ ریٹیل

## صحت مندانہ میل جول




### ملازمین اور گاہکوں کے ذریعہ حفاظتی پوشش پہنے جانے کو یقینی بنائیں

- کسی عمومی اندرون یا بیرون کی جگہوں پر (جس میں نجی جگہیں جیسے چینجنگ رومز شامل نہیں ہیں) ناک اور منہ پر فیس کورنگز پہننا ضروری ہے (ایسی طبی کیفیات یا معذوریوں کے حامل افراد کے لیے استثناء ہو سکتے ہیں جو انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننے سے باز رکھتی ہیں)
- کھانے کو ہاتھ لگانے کے پروٹوکولز کا استعمال کرتے ہوئے دستانوں کی مدد سے کریانہ سامان فراہم کریں




### ہاتھوں اور کثرت سے ٹچ ہونے والے حصوں کا مستقل سینیٹائزیشن یقینی بنائیں

- گاہکوں کے استعمال کے لیے سینیٹائزنگ والے پروڈکٹس (جیسے صابن اور پانی، ہینڈ سینیٹائزر) فراہم کریں
- اسٹور کے ملازمین کو دوبارہ قابل استعمال خریداری کے تھیلوں کو ہاتھ لگانے سے روکیں۔
- ملازمین کو سینیٹائزنگ والے پروڈکٹس (جیسے صابن اور پانی، ہینڈ سینیٹائزر) اور فی شفٹ حفظان صحت کا ایک کم از کم وقفہ فراہم کریں؛ وقفہ کسی دیگر منظور شدہ وقفے کے ساتھ ہی ہو سکتا ہے/شفٹ کے دوران شیڈول کیا جا سکتا ہے (اس میں شیڈول شدہ لنچ شامل نہیں ہے)
- صاف اسٹور سے جاری شدہ کپڑے کے آئٹم ہر شفٹ کے بعد اسٹور میں رکھے جائیں، اور اگر گھر پر رکھے ہوئے ہوں تو ملازمین کو ہر شفٹ کے بعد صاف کرنے کی ترغیب دیں
- اگر ممکن ہو تو، ہر ایک نئے مرحلے سے پہلے، مناسب حفظان صحت، جراثیم کشی اور صفائی ستھرائی کے طریقوں کو تازہ کرنے کی تربیت فراہم کریں

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں- ریٹیل

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



**داخلہ تک رسائی**

### ملازمین کی صحت کی اسکریننگ کا پروٹوکول، گاہک کی قطار بندی سے متعلق رہنمائی تشکیل دیں

- گھر چھوڑنے سے پہلے تمام افراد کو علامات کو از خود شناخت کرنے اور علامات موجود ہونے کے صورت میں گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- اسٹیبلشمنٹ میں داخل ہونے سے پہلے، ملازمین از خود اسکریننگ کر کے COVID-19 کی علامات نہیں ہونے کو یقینی بنائیں (جیسے، سوالنامہ – ضمیمہ دیکھیں)
- ملازمین میں اگر علامات نظر آ رہی ہوں یا وہ بیمار محسوس کرنے کی رپورٹ کر رہے ہوں تو انہیں کام پر رپورٹ نہیں کرنا چاہیے یا انہیں کام پر رہنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے
- گاہکوں کی قطار بندی کے لیے باہر میں، 6 فٹ کی دوری پر مارکرز فراہم کریں (لوگوں کی جگہوں یا ملتے جلتے پروگرام کا تخلیقی استعمال جس سے چھوٹے، مضافاتی کاروباروں کے لیے باہر میں محفوظ قطار بندی کی سہولت ملے گی)



**صفائی کے معیارات**

### جگہوں اور زیادہ ٹچ ہونے والے آئٹمز کے لیے یومیہ صفائی کے معیارات طے کریں

- عوامی آرام گاہوں، کپڑے تبدیل کرنے کے کمروں اور دیگر تمام زیادہ چھوئی جانے والی جگہوں (جیسے تھیلوں، ٹوکریوں، سیلف سروس چیک آؤٹ کے سامان، ڈسپلے کیس/چیک آؤٹ کاؤنٹرز) کو بار بار صاف اور ان کی جراثیم کشی کریں، حسب مناسبت ہر 2 گھنٹے پر کم از کم ایک بار

# محفوظ رہیں- ریٹیل

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات

مرئی رہنمائی

### حفظان صحت کے معیارات اور داخلہ کے تقاضوں پر مرئی رہنمائی فراہم کریں

- بریک روم میں صحت اور حفظان صحت کی جامع یاد دہانیاں پوسٹ کریں (جیسے، CDC کے رہنما خطوط کی جانب سے علامتی تختی)
- داخلہ کی جگہ پر سماجی دوری/فیس کورنگز (بشمول داخلے کے لیے معیار) کے لیے علامتی تختی پوسٹ کریں
- اگر قابل عمل ہو تو، گاہے بگاہے پورے دن سماجی دوری کے مدنظر PA اعلانات چلائیں

جائے کار

### جائے کار کے اعمال میں ترمیم کریں

- اگر کوئی ملازم کھانا پیش کر رہا ہو اور مناسب PPE پہن رکھا ہو تو کیفے ٹیریا، بوفے، یا دوسرے سیلف سروس فوڈ اسٹیشنوں کو دوبارہ کھولنے کی اجازت دیں؛ پیک شدہ کھانوں کے استعمال کی ترغیب دیں
- سیلف سروس والے مشروبات کے چشموں کی اجازت دیں اگر سطحوں کو کثرت سے صاف کیا جاتا ہے اور ان کی جراثیم کشی کی جاتی ہے، اور کسٹمرز کو دوبارہ کپ بھرنے یا دوبارہ قابل استعمال کپ استعمال کرنے سے منع ہے؛ اگر عملی طور پر ممکن ہو تو، کسٹمرز کے ذریعہ مشروب کے اسٹیشنوں کے استعمال کو محدود کریں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام نمونے (کھانا، مصنوعات) ملازم یا وینڈر کے ذریعہ بھیجے جاتے ہیں
- اگر قابل عمل ہو تو، سماجی دوری یقینی بنانے کے لیے اسٹور نیویگیشن کو ایڈجسٹ کریں (جیسے یکطرفہ بغلی راستے)
- کھانے کی خدمت کے رہنما خطوط کے مطابق کھانے کی نشست کے علاقوں کو دوبارہ کھولیں

# محفوظ رہیں- ریٹیل

اعمال اور نگرانی

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں (مرحلہ IV)



### لچک پذیر ماڈلز

## جہاں بھی ممکن ہو بذات خود کام کو محدود کریں

- قابل عمل ہونے پر بذات خود میل جول کو کم سے کم کریں (جیسے، آن لائن تربیت / عملہ کی ورچوئل میٹنگ کا استعمال کرنے پر غور کریں)
- اگر قابل عمل ہو تو، جو ملازمین گھر سے کام کر سکتے ہوں انہیں ایسا کرنے کی اجازت دیں



### عمل کا سکڑاؤ

## جہاں بھی ممکن ہو افراد کے بیچ میل جول کو محدود کریں

- اگر قابل عمل ہو تو، سڑک کنارے/ڈیلیوری اور بلا رابطہ ادائیگی، اور/یا سیلف سروس چیک آؤٹ کی ترغیب دیں (جہاں دستیاب ہو)
- اگر پوری سروس والے کریانہ سامان کے لیے ممکن ہو تو کم از کم ہفتے میں ایک بار ایک گھنٹہ کے لیے دن کے شروعاتی حصے میں مصیبت زدہ آبادی کے لیے خریداری کے اوقات لاگو کریں۔



### سفر سے متعلق رہنما خطوط

## کاروبار کے لیے محدود سفر

- صنعت کے حفظاتی احتیاطی اقدام کے ساتھ کاروباری سفر کو محدود کریں؛ ممکن ہونے پر ورچوئل میٹنگ کی ترغیب دیں
- اگر قابل عمل ہو تو، متعدد ریٹیل مقامات پر عملہ کے سفر کو محدود کریں

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں- ریٹیل

## اعمال اور نگرانی




### جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے مدنظر CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آتا ہی ہے تو انھیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے
- جانچ کے ذریعے COVID-19 مثبت کے بطور شناخت شدہ تمام ملازمین کی صفائی اور جراثیم ربائی CDC کے رہنما خطوط کے مطابق ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم کا بھی ایسے ساتھی کارکن یا دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود کورنٹین کرنا چاہیے
- اگر کسی فسیلیٹی کو 14 دنوں کے اندر اسٹبلشمنٹ سے وابستہ امکانی طور پر 2 یا زائد کیسز کا علم ہو جاتا ہے تو ملازمین سے CDPH کے پاس ان کیسز کی رپورٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی سفارشات کی تعمیل کریں

# محفوظ رہیں- ریٹیل

ضمیمہ

## فرہنگ

**مجمع:** واحد گھر سے باہر افراد کا ایک گروپ جو دس منٹ سے زیادہ وقت تک منعقد ہونے والے کسی برجستہ یا منصوبہ بند پروگرام کا حصہ ہوتا ہے

**ہاتھ دھونا**: کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم ربا کا استعمال کر کے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

**سماجی دوری**: افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کی جسمانی جگہ۔

**PPE**: ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

## سیلف اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

**از خود اسکریننگ:** ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجۂ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی سانس لینے میں دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟

## National resources for further guidance

## جائے کار سے متعلق عام رہنمائی

**CDC** – *COVID-19 کے جوابی کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیشقدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ:* https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

**CDC** – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی* https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

**OSHA** *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:* https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

## ریٹیل سے متعلق رہنمائی

**نیشنل ریٹیل فیڈریشن** – *ریٹیلرز کے لیے کورونا وائرس سے متعلق وسائل:* https://nrf.com/resources/retail-safety-and-security-tools/coronavirus-resources-retailers

**ریٹیل انڈسٹری لیڈرز ایسوسی ایشن** – *ریٹیلرز کے لیے COVID-19 سے متعلق وسائل:* https://www.rila.org/coronavirus-resources-for-retailers

**OSHA** – *ریٹیل کارکنان کے لیے COVID-19 سے متعلق رہنمائی:* https://www.osha.gov/Publications/OSHA3996.pdf

## اعلان دستبرداری

اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی آراء کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ سٹی آف شکاگو خارجی سائٹ کی درستگی، قانونی جواز یا مشمولات کی یا مابعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔ خارجی سائٹس کے مشمولات کے سلسلے میں سوالوں کے جوابات کے لیے ان سے رابطہ کریں۔